جدید نظرِ ثانی و تصحیح شدہ ایڈیشن

ادیانِ باطلہ اور صراطِ مستقیم



پسند فرمودہ

حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم العالیہ

شیخ الحدیث حضرت اقدس

مفتی محمد نعیم صاحب مدظلہ العالی

مدیر الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ

بیت الاشاعت کراچی

ادیانِ باطلہ

اور

صراطِ مستقیم

شیخ الحدیث حضرت اقدس مفتی محمد نعیم صاحب

مدیر الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ

بیت الاشاعت کراچی

جامع مسجد روڈ بہار کالونی نزد عباس کباب اسٹال کراچی

0321-7556284

نام کتاب : ادیانِ باطلہ اور صراطِ مستقیم

مصنف : مفتی محمد نعیم صاحب مدظلہم

پسند فرمودہ : حضرت مفتی تقی عثمانی صاحب

بیت الاشاعت

ناشر

بیت الاشاعت کراچی

جامع مسجد روڈ بہار کالونی نزد عباس کباب اسٹال کراچی

0321-7556284

فرقہ ناجیہ (اہل سنت والجماعت)

نبی کریم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے:

"تَفْتَرِقُ أُمَّتِي عَلٰي ثَلٰثٍ وَّسَبْعِيْنَ فِرْقَةً." (۱)

ترجمہ: "میری امت تہتر فرقوں میں تقسیم ہوگی۔"

ایک دوسری جگہ روایت میں آتا ہے:

"كُلُّهُمْ فِي النَّارِ اِلَّا مِلَّةً وَّاحِدَةً." (۲)

ترجمہ: "وہ تمام فرقے جہنم میں جائیں گے ایک فرقہ کے سوا۔"

ایک اور روایت میں اس فرقہ ناجی کے متعلق آپ ﷺ نے یہ بیان فرمایا:

"... مَا اَنَا عَلَيْهِ وَاَصْحَابِي ..." (۳)

ترجمہ: "کہ جس پر میں اور میرے صحابہ ہیں۔"

اس فرقہ ناجی کو اہل سنت والجماعت کہا جاتا ہے۔

اہل: یہاں پر اہل سے مراد اتباع، مقلدین اشخاص ہیں۔

سنت: اس کا معنی تو راستہ کے آتے ہیں اور سنت طرز عمل کو بھی کہتے ہیں جیسے کہ قرآن مجید میں آتا ہے:

﴿...... وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا ......﴾ (۴)

ترجمہ: "اور اللہ کی سنت میں تم تبدیلی نہ پاؤ گے۔"

اور دینی اصطلاح میں لفظ سنت آپ ﷺ کی طرز زندگی اور طریق عمل کو کہتے

---

(۱) ترمذي: ۹۲/۲

(۲) ترمذي: ۹۳/۲، وكذا في المستدرك

(۳) ترمذي

(۴) سورة فاطر: آيت ۴۳